معاشرہ کی طبقاتی تقسیم، اقتصادی ناہمواری اور ہوشربا معاشی تفاوت نے آج انسانی معاشرے کو جن فتنوں سے دوچار کر رکھا ہے ان سے ہر ذی شعور مضطرب ہے لیکن ہوسِ زر، معیارِ زندگی کو بلند تر کرنے کی دوڑ اور سرمایہ پرستی کی لعنت نے قلوب و اذہان کو اس طرح مسحور و مغلوب کر رکھا ہے کہ اصلاحِ احوال کا احساس اور توجہ دلانے کی کوئی کوشش کارگر نہیں ہو رہی۔

مولانا محمد اشرف نے زیرِ نظر رسالہ میں انہی مسائل پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بحث کی ہے، اور قرآن و سُنت کے احکام و قوانین کے حوالہ سے معاشرہ کے مختلف طبقات کی راہ نمائی کی ہے کہ وہ کس طرح معاشرہ کی اس طبقاتی اور غیر فطری تقسیم کے زہر کو کم کر سکتے ہیں۔ مالدار اور متوسط طبقہ میں دولت نے جن خرابیوں کو جنم دیا ہے ان سے آگاہی اور علاج کے لیے اس رسالہ کا مطالعہ بہت مفید ہے۔ اور اسے ان طبقوں میں زیادہ سے زیادہ پھیلانے اور شائع کرنے کی ضرورت ہے۔

سیف الحنفی

مرتب :- مولانا نور احمد چشتی

ناشر : ابو حنیفہؒ اکیڈمی، مکی مسجد ڈیوڑھا پھاٹک گوجرانوالہ

صفحات : ۲۰۲ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچہ میں مولانا نور احمد چشتی نے دلائل کے ساتھ جمہور اُمت کے اس تعامل اور موقف کو واضح کیا ہے کہ تراویح کی رکعات بیس ہیں اور اس سلسلہ میں اُنہوں نے معترضین کے دلائل و اعتراضات کے تفصیلی جوابات دیئے ہیں۔

اسلام اور عیسائیت

مؤلف : مولانا بشیر احمد حسینی؛ ناشر : مکتبہ بدیہہ اُردو بازار لاہور۔

کتابت و طباعت عمدہ۔ صفحات ۵۱۲، قیمت مجلد ایک سو روپیہ

مولانا بشیر احمد حسینی آف شورکوٹ ایک عرصہ سے ردِ عیسائیت کے محاذ پر سرگرم عمل ہیں اور بے سروسامانی کے باوجود تحریری اور تقریری طور پر مسلسل خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں اُنہوں نے جناب سرورِ کائناتؐ کے بارے میں اُن بشارتوں کو جمع کیا ہے جو کتبِ سابقہ میں موجود ہیں لیکن مسیحی علماء غلط ترجمہ و تاویل کر کے ان کا مفہوم بگاڑ رہے ہیں۔ مولانا حسینی نے خود مسیحی علماء کے ناقابلِ تردید حوالوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ ان بشارتوں کا مصداق نبی اکرمؐ کی ذاتِ گرامی ہے۔